آقائی حافظیان

کی

تصنیف

لوحِ محفوظ

لوحِ محفوظ

شرح توضیحات واشارات

از :

سیّد ساجد حسین

لوح محفوظ

محمد رسول الله

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

لوحِ محفوظ عظیم برکات لاتعداد نکات و رموز کا حامل ہے "محمدؐ رسول اللہ" اس نادر نقش کے ظواہر اور مضمرات کو کماحقہ سمجھنے کے لئے کافی غور و فکر و تجسس و تحقیق درکار ہے۔ قارئین کی اس منزل تحقیق کو آسان بنانے کی غرض سے لوحِ محفوظ کی یہ شرح و توضیح پیش کی جارہی ہے۔ یقین ہے کہ اس کا مطالعہ قارئین کرام کو اس بابرکت نقش کو سمجھنے میں کافی ممد ہوگا۔ اہل علم اور صاحب نظر حضرات جب نظر عمیق ڈالیں گے تو ان پر واضح ہوگا کہ اس نقش کا مرتب کرنا عقل انسانی کا اتنا بڑا کارنامہ ہے جس کو توفیق ایزدی اور تائید غیبی کے بغیر سر کرنا ہرگز ممکن نہ تھا۔ مضمرات کو سمجھ لینے والے اس لوحِ محفوظ کی الہامی حیثیت اور روحانی کیفیات سے بھی حسب توفیق آگاہ ہو کر استفادہ کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حضرت آقائی سید ابوالحسن حافظیان نے کوہ تزال کشمیر کی وادی میں معتکف ہو کر اس کو شدید کاوش، مطالعہ، تحقیق و تجسس کے بعد علم القرآن علم الاوفاق علم الاعداد علم الریاضی علم الحروف علم الادب وغیرہ کے کمال اور روحانی اور غیبی تائید سے حاصل و مرتب کیا۔

کلام اللہ کی ۶۲۳۶ آیات میں سے نبوت سے متعلق دس آیات کا انتخاب شیخ سعدی علیہ الرحمہ کے دس ہزار ابیات سے دس نعتیہ مصرعوں کا انتخاب۔ نقش میں ۶۲۵ خانے ہیں ان میں سے اول ۲۵ خانوں میں سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بقیہ ۶۰۰ خانوں میں آنحضرت کے دو لفظی القاب و اوصاف گرامی ہیں۔ ان کی ترتیب اس طرح ہے کہ اگر دائیں سے بائیں یا اوپر سے نیچے کی طرف پڑھا جاتے تو سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مسلسل اور بامعنی سلام بن جاتا ہے۔ خوبی یہ ہے کہ جدھر سے بھی بحساب ابجد ۲۵ خانے کے اعداد کو جوڑا جائے تو جمع کل یکساں ہوگا پورے نقش کا مجموعہ اعداد حضور اکرم کے لقب مخصوص (مصطفٰےؐ) کے مجموعہ اعداد سے برابر ہوتا ہے۔ اس نقش کا ماحصل "قطب کونین" اور نتیجہ "مصطفٰےؐ" جو شمع کائنات ہیں اور جن کا سینہ مبارک لوح محفوظ ہے۔ اس قاعدہ سے کلمہ لوح محفوظ کے اعداد ۱۰۷۸ کے حروف بنا کر ان کی ملفوظی کی تو کلمہ (نبیؐ اللہ) ۱۰۷۸ سے مطابق ہوتا ہے۔

نقش کے ذیل میں جو چھوٹا تعویذ ہے جس کو نقش مخمس کہا جاتا ہے دراصل نقش معظم کی روح ہے اور پیشانی میں مندرجہ آیات قرآنی کے مضمرات و خواص کا حامل اور اور پورے نقش کا حاصل ہے۔ اگرچہ یہ نقش چھ رنگوں میں بڑے سائز پر نہایت اعلیٰ معیار سے طبع کیا گیا ہے پھر بھی قارئین کی سہولت کے پیش نظر اس نقش کے ایک عکس کو اس کتاب کا جزو بنا دیا ہے۔

قارئین کو چاہیئے کہ اس شرح کے مطالعہ کے وقت "لوحِ محفوظ" کو سامنے رکھیں اور ایک ایک منزل کی وضاحت پر نظرِ عمیق ڈالتے ہوئے ہر نکتہ کی تشریح کو ذہن نشین کریں ہر منزل کو الگ الگ سمجھ لینے کے بعد لوحِ محفوظ کا من حیث الکل سمجھ لینا آسان ہوگا وما توفیقی الا باللہ۔

اس نقش معظم کی معنوی اسرار اور آثار و خواص کی شرح کرنا مقصود نہیں۔ صرف علمی وفنی کمالات کو واضح کرنے کی سعی کی ہے۔ اہل نظر قارئین یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ سعی کس حد تک کامیاب ہوسکی ہے۔ اس نقش پر تحقیق میں بقول شاعر میرا تو یہ حال ہے کہ

حقایق کھلتے جاتے ہیں بہت مسرور جاتا ہوں
تحیّر بڑھتا جاتا ہے میں جتنی دور جاتا ہوں

اللہ جل شانہ بتصدق محمدؐ و آل محمدؐ میری فروگزاشت نواقص کو درگذر فرمائے۔

سیّد ساجد حسین

۱۱/۵۳۸ گارڈن ایسٹ۔ کراچی

آقائی سید ابوالحسن حافظیان" مشہدی" سرزمین ہند کی سیاحت کے دوران سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق سنہ ۱۹۴۰ء کوہ ترال (کشمیر) کے دامن موضع "صوفی پورہ" میں قیام پذیر ہو کر خلوت اور فراغت حاصل کی اور بتوفیق الٰہی چھ ماہ مسلسل کوشش سے اس نقش کے بنیادی اصول مرتب کئے۔ اس کے بعد مختلف مشاغل کے ساتھ ساتھ دو سال تک اس کی ترتیب جاری رکھی اور بفضلہ تعالیٰ سنہ ۱۹۴۲ء میں اس کو مکمل کر لیا۔ اور اس خیال سے کہ بارگاہ رسالت میں ایک ہدیہ پیش کرنے کے ساتھ اس قدیم فن کا بھی ایک نمونہ یادگار رہے اس مبارک نقش کو ان الفاظ کے ساتھ ہدیہ ارباب نظر کیا، بقول شیخ سعدی علیہ الرحمہ

غرض نقشی است کز ما باز ماند   که ہستی را نمی بینم بقائی
مگر صاحبدلی روزی برحمت   کند در حق درویشاں دعائی

پتہ:- ایران، مشہد

پاکستان:-
۱۰۔ اے۔ کملا نہرو روڈ
کراچی

معرفت آقائی حافظیان مدظلہ

قدیم ایرانی تہذیب اسلامی اخلاق و سادگی کے پیکر آقائی سید ابوالحسن حافظیان صوبہ خراسان مشہد مقدس میں ۱۹۰۷ء میں پیدا ہوئے۔ مشہد ایران کے قدیم ترین شہر طوس کا حصہ ہے۔ اسی ارض طوس نے ایران کے عظیم ترین انسان پیدا کئے۔ فردوسی شاعر مشہور عالم "شاہنامہ" کا مصنف، نظام الملک اور غزالی، اسلام کے مشہور ترین عالم اخلاق، خواجہ نصیر الدین محقق طوسی، دور مغلیہ کے مشہور فلسفی علوم غربیہ میں ماہر اور ریاضی حساب اور مذہبی تصنیفات کے مالک ان عظیم لوگوں میں سے چند ہیں جو طوس میں پیدا ہوتے۔ دور حاضر کی عظیم ہستی آقائی سید ابوالحسن حافظیان بھی اسی خطہ ارض مقدس میں پیدا ہو کر پلے بڑھے، ان کی ابتدائی زندگی ایسی ہی سادہ تھی جیسی ان کی موجودہ زندگی ہے۔ ان کی ساری زندگی اساتذۂ علم و فن کی خدمت اور تلمذ، عظیم تصانیف کے مطالعہ و تحقیق و تحصیل علم میں صرف ہوئی، ایران کے بزرگوار اور برگزیدہ مرتاض افراد کی صحبت، اور محنت شاقہ و کد و کاوش انکا شعار اور ہمیشہ ان کی یہ دلی تمنا رہی کہ دوسرے ماہرین میں جو کمالات ہیں ان کو وہ خود بھی حاصل کرلیں، بالخصوص علم ہندسہ، علم حروف میں مہارت و کمال حاصل کرنے کی خواہش کے تحت ان کو یکہ و تنہا زبردست جدوجہد کرنا پڑی کیونکہ کوئی استاد بھی ان کی روز افزوں ترقی اور معلومات و تحصیل فن کی رفتار کے ساتھ گامزن نہ رہ سکا، ادھر زبان دانی کا ملکہ فارسی اور عربی ادب میں حاصل کرکے علم تاریخ، فقہ، نجوم، ہیئت، علم الاخلاق پر عبور حاصل کیا یہی نہیں ارتقائے روحانی کی طرف متوجہ ہوئے تو سات برس تک صحن کہنہ حضرت امام رضا علیہ السلام کے حجرات فوقانی رو بقبلہ ایوان عباسی کے قریب مسکن کیا اور کشف و ریاض جاری رکھ کر روشن ضمیری حاصل کی۔

غرض کہ آپ کی پوری زندگی ایک سعی پیہم اور مسلسل جدوجہد کے ساتھ تحصیل حاصل ہے۔ باوجود حصول علم و فن آپ نے گوشہ نشینی اختیار کی اور اپنی ذات باصفات کو ہر طرح کے پروپگینڈہ و اشاعت سے بالاتر رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ باوجودیکہ آپ ہندو پاکستان میں ۳۳ سال سے مقیم ہیں لیکن آپ کا حلقہ بہت محدود رہا۔

آج کی دنیا میں آپ کی ذات باصفات باہمہ اور بےہمہ کا صحیح مصداق ہے۔ آپ تارک دنیا بھی ہیں اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے کسب معیشت اور تجارت میں مشغول بھی ہیں، آپ زمانہ کے صاحب نظر روشن ضمیر اور صحیح معنوں میں اسلامی معاشرے تہذیب اور تمدن کے آئینہ دار ہیں۔ علم ریاضی کے ماہر علم الحروف، علم الاعداد، علم نجوم اور روحانیت پر کمال تصرف رکھتے ہیں۔ ان کے کلام میں بےحد تاثیر ہے۔ باوجود آں کمالات حد درجہ منکسر مزاج، نرم دل، مخیر، با اخلاق،

متواضع اور جاذب شخصیت کے مالک ہیں۔ کوئی بھی اجنبی پہلی ملاقات ہی میں آپ کی آن جملہ خصوصیات سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ آقای حافظیان پہلی بار ۱۹۳۲ء ۱۳۵۱ ہجری میں ہندوستان تشریف لائے اور آٹھ سال تک تمام ملک کی سیر و سیاحت کی۔ کتب خانے، خانقاہیں تمام متبرک مقامات ہر قوم کے حتیٰ کہ ہردوار، ریشی کیش اور لچھمن جھولا کے منادر اور اجنتا کے غاروں کو جو ہندوؤں کے متبرک مقام اور ریاضت کشوں کے مخصوص مرکز ہیں، بغور دیکھے

حضرت امام ہشتم علیہ السلام کا مشہد مقدس میں وہ پرانا صحن اور گلدستہ نادری اور ایوانِ عباسی کا وہ بالائی کمرہ جہاں پر حضرت آقای حافظیان مدظلہ رات دن مقیم رہے

اللہ جل شانہ نے آسمان میں ستارے مثل قندیلوں کے روشن کئے ہیں۔ ان ستاروں کا مشاہدہ کرنیوالے اس نظارے کی عظمت سے ایسا متاثر ہوئے ہیں کہ مقابلتاً انسان کی حقیقت ان کی نگاہ میں ہیچ معلوم ہوتی ہے۔ ان میں سے شاید ہی کوئی ایسا ذہن موجود ہو جو ان ستاروں کے نظام کے پس پشت عظیم مقصد کے وجود کو تسلیم نہ کر چکا ہو۔

بین کہ از موج نجوم و اوج چرخ آبنوسی   ہر دمی نقشی پدید آید تو را گر خوردہ بینی

دنیا میں حسین ترین شے جو ہمارے مشاہدہ میں آتی ہے وہ طرح طرح کے اسرار و رموز سربستہ کا سرچشمہ ہوتی ہے، جو کہ اس کو محسوس نہ کرسکے یا جو اس سے متاثر ہوئے بغیر رہ جائے وہ کور نفس اور زندہ بشکل مردہ تصور کئے جانے کا مستحق و مستوجب ہے اس کی آنکھیں اگرچہ کھلی ہیں مگر درحقیقت بند ہیں

چشم دل باز کن کہ جان بینی   آنچہ نادیدنی است آن بینی

اس عجیب و غریب نقش کے متعلق میں نے بہت کچھ سُنا تھا۔ اشتیاق بڑھتا رہا تا آنکہ اس کو آقای حافظیان سے

حاصل کیا اس کا مطالعہ کیا تو حیرت میں پڑ گیا کہ علمی ادبی ریاضی کا حامل اسرارِ معنوی نقش و تعویذ عقل انسانی وہ بھی فرد واحد کی محنتِ شاقہ کس طرح مرتب کر سکی، آنجناب سے رجوع کیا تو کچھ سمجھ میں آیا۔ آپ نے بتایا کہ ۱۹۴۰ء میں کوہ ترال کے دامن میں مقیم ہو کر خلوت اور فراغت کے عالم میں چھ ماہ کی مشقت کے بعد اس نقش کے بنیادی اصول مرتب کئے بعدہٗ مختلف مشاغل کے ساتھ ساتھ اس کی ترتیب جاری رکھی اور ۱۹۴۲ء میں بعون اللہ تعالیٰ بکلی مرتب کیا۔

آقائے حافظیان نے موضع صوفی پورہ (دامن کوہ ترال) کشمیر میں نقش معظم مرتب فرما رہے ہیں سامنے میز پر کاغذات و کتب جمع ہیں جو چند پتھروں پر ایک چوبی تختہ رکھ کر بنائی ہے۔ پس پشت حضرت کی قیام گاہ ہے جو چوبی ڈھانچے کی چھت پر چھپر کی شکل میں نظر آتی ہے۔

حیرت کا مقام ہے کہ یہ روحانی شاہکار دنیا میں عام لوگوں سے روشناس نہ ہو سکا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آقائے حافظیان نے اس کی نشر و اشاعت کی طرف توجہ نہ دی اور یہ نقش چند خواص کے دائرہ میں محدود ہو کر رہ گیا۔ چنانچہ اب یہ کوشش کی جا رہی ہے کہ اس پاک نقش کو عوام تک پہنچا دیا جائے۔ اور یہ شرح پیش کی جائے تاکہ استفادۂ عام کا باعث ہو۔

زبان انگریزی میں بھی اس نقش کے متعلق مسٹر غلام حسین بھٹا ور بجٹن وخوبی مقالہ پیش کر چکے ہیں' اردو داں افراد کے استفادہ کے لئے میں نے تحریک کی کہ شرح اردو زبان میں پیش کی جائے۔ آقای حافظیان نے میری ہمت افزائی فرمائی اور اس تجویز کو مناسب جان کر مجھ کو ضروری ہدایات فرمائیں۔ چونکہ اس نقش سے میری ذات کو خاص عقیدت ہے اس لئے اس فریضہ کو بفخر ومباہات انجام دینے میں مصروف ہوگیا۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ کتاب مکمّل کر کے پیش کر سکا اور اس اردو شرح کے لئے کچھ مزید اضافہ بھی کیا ہے جو ناظرین کے لئے تحفہ ثابت ہوگا۔

آقای حافظیان دس سال کی عمر میں

نقشِ معظّم کا پسِ منظر

حضرت آقائی سید ابوالحسن حافظیان ۱۹۳۲ء میں ہندوستان تشریف لائے۔ یہ سال ان کی زندگی کا ایک یادگار سال ہے۔ دس برس تک مسلسل ہندوستان میں رہے اور سات برس تک برابر ہندوستان کی گرمی کی تاب نہ لاکر وہ اکثر گرمی کے چھ ماہ کشمیر کے ایک موضع صوفی پورہ جو کوہ ترال کے دامن میں واقع ہے اس کے جنگل میں گذارے

الغرض اس گوشۂ عافیت میں مختلف علوم کا مطالعہ اور مسلسل روحانی حقائق اور معارف میں غور وفکر کرتے کرتے جہاں اور بہت سے روحانی انکشافات ہوئے اور رموز ہائے باطنی پر واقفیت حاصل ہوئی وہاں حضرت موصوف کو ایک غیبی تحفہ اس نقش "لوحِ محفوظ" کی شکل میں دستیاب ہوا۔

چنانچہ اس نقشِ معظم کو مرتب کرنے میں کامل چھ ماہ صرف ہو گئے تھے اور اس انتھک کوشش اور اپنی علمی طاقت کے باوجود پھر بھی مایوسی کا شکار ہوئے۔

حتیٰ کہ ایک دن وہ بھی آیا کہ موصوف یہ تحریر سپردِ قلم کرنے پر مجبور ہو گئے کہ " دوستو! ۲۵ × ۲۵ مُظہری و مضری ذوالکتابہ بہ رفتار طبیعی تیار کرنا ممکن نہیں ہے"۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں کہ اسی مایوسی کے عالم میں مجھکو نیند آگئی اور جب سحر کے وقت خواب سے بیدار ہوا تو ایسا محسوس کر رہا تھا کہ کوئی ہستی مجھ سے اصرار کر رہی ہے کہ " مایوس نہ ہو اس نقش مبارک کا کام جاری رکھو" اس کے بعد سے میں نے پھر اس نقش کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔ اور از سرِ نو کوشش کے نتیجہ میں مجھ کو معلوم ہوا کہ وہ تمام مطالب جو پہلے میرے اوپر مخفی تھے اب میرے اوپر عیاں ہوتے جا رہے ہیں۔ اور آخر کار اس سلسلہ میں جو حقائق تھے وہ خود بخود حل ہوتے گئے"۔

آقائی حافظیان فرماتے ہیں کہ میں اس واقعہ کو بہت اہمیت دیتا ہوں کیونکہ جب تک مجھ کو اپنی وسیع معلومات اور علمِ ابجد کی مہارت پر اور نقوش کی رفتاروں کی اطلاع پر بھروسہ تھا اور اپنے ذاتی علم پر اعتماد تھا اس وقت تک مجھ کو صرف ناکامی ہی نہیں بلکہ مایوسی کا بھی منہ دیکھنا پڑا۔ اور جب میں نے مایوس ہو کر کوشش ترک کر دی اور شکست مان لی اور قلم سے یہ اقرار لکھ دیا تو مجھے کامیابی میسّر ہو گئی۔

یہ بات بیان کرتے ہوئے آپ نے ایک قصہ بیان کیا اور وہ یہ ہے کہ " ایک کسان اپنے گھوڑے کو ایک چھوٹی نہر کے پار لیجانے کی کوشش کر رہا تھا مگر گھوڑا جب بھی پانی کے نزدیک آتا تو رک جاتا ایسا معلوم ہوتا کہ گھوڑا پانی سے خوفزدہ ہے۔ یہ پانی صرف ایک بالشت گہرا ہوگا۔

عمر خیام ایک کونے میں تھے اور اس ماجرے کو دیکھ رہے تھے انھوں نے کسان سے کہا کہ پانی کو زور سے ہلا دو پھر گھوڑے کو کھینچ کر لے جاؤ۔ کسان نے ایسا ہی کیا اور گھوڑا نہر پار کر گیا۔ کسان نے دریافت کیا گھوڑا ساکت پانی سے کیوں نہ گذرا تو عمر خیام نے کہا جب تک گھوڑا اپنے عکس کو پانی میں دیکھتا رہا اپنے اوپر ہاتھ نہ رکھ سکا۔ اور آگے نہ بڑھا۔ جب گھوڑے کو اپنا عکس پانی گدلا ہو جانیکے باعث نظر نہ آیا تو وہ پانی میں اتر گیا اور پار نکل گیا۔ آقائی حافظیان نے فرمایا کہ یہ قضیہ بالکل میرے قضیہ کے مطابق ہے اور یہ شعر پڑھا۔

تکیہ بر تقویٰ و دانش در طریقت کافری است راہ رو گر صد ہنر دارد توکل بایدش

ایران کے بعض بڑے بڑے علماء نے اپنی تقریظات میں مرقوم فرمایا ہے کہ جب تک توفیق ایزدی شامل حال نہ ہو اس وقت تک اس نقش کا مرتب کرنا ہر گز ممکن نہیں، ایسے نقش کا مرتب کرنا پروردگار کے کرم کا ظہور ہے۔ جب آغا صاحب سے دریافت کیا کہ انھوں نے اس نقش کو اعلیٰ ترتیب اور عمدہ صورت میں کس طرح بنایا اور کہاں سے سوچا تو آپ نے فرمایا کہ جس عظیم طاقت نے مجھ کو یہ آیات مبارکات منتخب کرنے کی توفیق دی اسی طاقت نے اس نقش معظم کی تشکیل کے متعلق ہدایت کی۔ اللہ پاک جب چاہتا ہے تو ایسے خیالات عطا فرماتا ہے۔ میں نے دریافت کیا کہ ہندوستان والوں نے اس نقش کی کیا قدر کی آقائی حافظیان نے فرمایا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی کے ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے مجھ کو ایک استقبالیہ میں مدعو کیا۔ ڈاکٹروں اور پروفیسروں اور صاحبان علم کا بڑا اجتماع تھا۔ ڈاکٹر ذاکر حسین کی خواہش کے بموجب میں نے اس نقش معظم کی شرح اور تفصیل کو بیان کیا تو ان حضرات نے لبغور لوح محفوظ کی توضیحات کو سنا اور اس کو سمجھ کر بے حد داد دی اور ڈاکٹر ذاکر حسین نے ایک خط تقریظ جامعہ ملیہ کی طرف سے عطا فرمایا جس کی ہر سطر لوح محفوظ کی داد و ستائش میں رطب اللسان ہے۔ میں نے ضروری سمجھا کہ اس خط کو اس کتاب کا جزو بنا دوں تاکہ یادگار رہے اور ڈاکٹر صاحب کی قدر دانی کا بیحد مشکور ہوں۔

دانشمندان پاک و ہند میں اکثر نے اس نقش کو بہت پسند کیا، سب کا کہنا یہ ہے کہ بیشک یہ نقش الہامی ہے اس لئے کہ بلا روحانی تصرف کے یہ کام تنہا عقل و علم انسانی کے بس کا نہیں ہے۔

جب اللہ مہربان ہوتا ہے تب ہر ناممکن ممکن ہو جاتا ہے۔

راقم الحروف نے خود مشاہدہ کیا ہے کہ بہت سے لوگ آقائی حافظیان کے پاس اس نقش معظم کو سمجھنے کے لئے آتے ہیں اور طویل نشستیں ہوتی ہیں آقائی حافظیان اس نقش کو سمجھنے والے کی عقل و فکر کے مطابق اس نقش معظم کے ظواہر و اسرار بتاتے ہیں۔

آپ نے فرمایا کہ جن لوگوں نے اس نقش کو سمجھنے کے لئے خاص کوشش کی اور ان کے پاس اس غرض سے آئے ان میں سے بالخصوص مسٹر حاتم علوی نے بہت دلچسپی سے وقت صرف کیا اور تحقیقات بلیغ کو کام میں لا کر اس نقش معظم کو سمجھنے کی کوشش کی میں بہت خوش ہوا ہوں کیونکہ وہ ایک ہی شخص ہیں جنھوں نے بحیثیت محقق ایک ایک خانہ کو شروع سے آخر تک دریافت کیا تھا۔ نیز معانی اور دوسرے پہلو سے بھی مذاکرات کرتے تھے۔ اور بہت اچھی طرح سمجھتے تھے۔ میں ان کا ممنون ہوں اور مسٹر محمد علی حبیب مرحوم اور مسٹر قاسم دادا نے بھی دلچسپی کا اظہار کیا تھا۔

تسکین ابجد یا دائرۂ ابجد

آقای حافظیان کی علمی تشریحات

اٹھائیس حروف عربی زبان میں موجود ہیں اور یہ سب بنیادی حروف ہیں اگر ہم چاہیں کہ ان کو ساتھ ساتھ ایک سطر میں لکھیں اور پھر انھیں حروف کی ترتیب کو بدل کر دوسری سطر میں لکھیں تو دوسری شکل پیدا ہو جائے گی۔

اسی طرح اگر ہم پھر ان کی ترتیب کو بدل کر تیسری سطر میں لکھیں تو تیسری شکل پیدا ہو جائے گی۔ اور اس طرح بے تعداد بے شمار شکلیں بن سکتی ہیں۔

مگر ان حروف کی ترتیب کی وہ صورت جو سب سے مقدم ہے وہی ہے جس کو (ابجد) کہتے ہیں۔

اور وہ ترتیب مندرجہ ذیل ہے:

ا ب ج د ھ و ز ح ط ی
۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰

ک ل م ن س ع ف ص
۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰ ۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰

ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ
۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

اگرچہ یہ حروف مسلسل ہیں مگر یہ آٹھ حصوں میں منقسم ہیں

ابجد (۱) ھوز (۲) حطی (۳) کلمن (۴) سعفص (۵) قرشت (۶) ثخذ (۷) ضظغ (۸)

اور بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ یہ آٹھ فرشتوں کے نام ہیں۔

اور حدیث ہے اَلْاَبْجَدُ مَرْکُوْزٌ فِیْ لَوْحٍ مَحْفُوْظٍ ابجد لوح محفوظ میں مرکوز ہے۔

جَذَوات میرداماد قدس سرہ میں صفحہ ۱۰۳ پر حدیث نبویؐ ہے تَعَلَّمُوْا اَبَا جَادَ وَتَفْسِیْرَهَا ابجد اور اس کی تفسیر کا علم سکھاؤ اور اسی کتاب میں صفحہ ا الاعداد ارواحٌ وَالْحُرُوْفُ اَشْبَاحٌ اعداد بمنزلہ روح ہیں اور حروف بمنزلہ قالب ہیں۔ اب معلوم ہوتا ہے کہ ابجد بہت قدیم سے ہے اور اس کا تعلق عالم بالا سے ہے۔

اس ترتیب ابجد میں ہر حرف کے لئے ایک عدد متعین ہے چنانچہ ہر حرف کے نیچے اس کا عدد لکھ دیا گیا ہے۔

اور اسی سلسلہ میں شیخ ابونصر فراہی نے اپنی کتاب نصاب الصبیان میں آسانی کے ساتھ ذہن نشین کرنے کے لئے ان حروف کے اعداد کو شعر کے اندر اس طرح بیان کیا ہے۔

یکان یکان شمر ابجد حروف تا حطی	پس آنکہ از کلمن عشر عشر تا سعفص
پس آنکہ از قرشت تا ضظغ شمر صد صدا	دل از حساب جمل شد تمام مستخلص

یعنی الف ابجد سے لے کر حطی کی ی تک ایک ایک عدد زیادہ کرو

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

اور پھر ک کلمن سے لے کر سعفص کے ص تک دس دس عدد زیادہ کرو

ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰

اس کے بعد قرشت کے ق سے لے کر ضظغ کی غ تک سو سو عدد زیادہ کرتے جاؤ۔

ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

تو اب جا کر جمل کے حساب سے دل صاف ہوا۔ اور اسی حسابِ ابجد کو حساب جمل بھی کہتے ہیں اور ابجد کبیر بھی کہا گیا ہے۔

حروف کے اعداد نکالنے کے لئے صحیح قاعدے مقرر کئے گئے ہیں، لہٰذا اعداد نکالتے وقت ان قاعدوں کا خیال کرنا ضروری ہے عربی میں تو اٹھائیس حروف کے اعداد معین ہیں لیکن فارسی زبان میں بعض حروف وہ ہیں جو عربی کے اندر نہیں ہیں مثلاً پ چ ژ گ یا اردو میں بعض حروف وہ ہیں جو عربی اور فارسی میں نہیں ہیں مثلاً ٹ، ڈ، ڑ اسی طرح دوسری زبانوں میں بھی ہے۔ اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ ان حروف کے اعداد وہی ہوں گے جو ان کے مشابہ حروف ابجد کے اعداد ہوں گے مثلاً پ کے عدد ب کے عدد کے برابر ہوں گے اور چ کے ج کے برابر ژ کے ز اور اسی طرح ٹ ت اور ڈ د اور ڑ کے ر کے عدد کے برابر ہوں گے۔ اور نون غنہ کا کوئی عدد نہیں بنتا کیونکہ یہ نون کوئی مستقل حرف نہیں ہے۔ حروف کے عدد نکالنے کا قاعدہ یہ ہے کہ جس اسم یا آیت یا جملہ کے عدد نکالنا مقصود ہو اس کو حرف حرف کر کے الگ الگ لکھے پھر اس کے لحاظ سے عدد شمار کرے مثلاً حسن کے عدد نکالنا ہوں تو لکھے ح س ن اب عدد اس طرح شمار کرے کہ ح کے ۸ س کے ۶۰ ن کے ۵۰ سب کے جمع ۱۱۸ ہوئی اور اسم حسن کے اعداد ۱۱۸ ہوئے۔

لفظوں میں جو حرف مشدد ہو گا مثلاً مکرم۔ محمد۔ مقلد میں ر۔ م۔ ل مشدد ہیں اور پڑھنے میں دوبار آتے ہیں مگر حساب

کے لحاظ سے ایک ہی حرف شمار ہوں گے۔ اور اشباع کے موقع پر مثلاً سورہ نور آیہ ۹ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ یہاں و ایک حرف شمار ہوگا اگرچہ پڑھنے میں دو حرف معلوم ہوتا ہے۔ اَلَّذِيْنَ اصْطَفٰى اللّٰهُ سورہ نمل آیہ ۶۱ یہاں بھی الف ایک شمار ہوگا حالانکہ پڑھنے میں دو الف معلوم ہوتے ہیں اور جس جگہ صحیح طور پڑھنے میں نون غنہ آتا ہے وہ نون غنہ ابجد کے حساب میں عدد شمار نہیں ہوگا مثلاً بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ الْقَوْلَ سورہ سبا آیہ ۳۱ یا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبْ سورہ صافات آیہ ۷ میں اس نون کا عدد شمار نہیں کیا جاتا۔ اور وہ ہمزہ جو لکھنے اور بولنے میں لازمی آتا ہے وہ الف شمار ہوگا، مثلاً

مَنْ يَشَاءُ اَوْلِيَاءَ اللّٰهُ يَؤُدُّهُ

اور بعض مواقع ایسے بھی ہیں جہاں ہمزہ کا شمار ہی نہیں ہوتا کیونکہ وہ لکھنے میں نہیں آتا۔ مثلاً

انبیا اولیا اصفیا اشقیا

اور یہ بات فارسی زبان میں ہے مگر عربی زبان میں اس کا شمار الف کی جگہ ہوگا یعنی ۲ دو الف۔
اور بعض جگہ لفظوں میں ایسا ہوگا کہ حرف لکھنے میں موجود ہے لیکن پڑھنے میں نہیں آتا تو اس حرف کا عدد شمار کیا جائے گا۔ مثلاً

مایۂ دانش قدوۂ تکوین وسیلۂ گیتی

ان تینوں مواقع پر صرف حرف ہ بلا ہمزہ شمار کیا جائے گا۔

گزشتہ زمانے میں اس فن کے اندر ایسے ایسے ماہر گزرے ہیں کہ جن کو حروف کے اعداد اس قدر یاد تھے کہ ان کے لئے حروف یا ان کے اعداد میں کوئی فرق نہیں تھا حتیٰ کہ کتابوں کے صفحات پر بجائے عدد کے حروف لکھتے تھے اور آج بھی ایسے حضرات موجود ہیں جو بجائے عدد حرف استعمال کرتے ہیں اور شعرا ابجد کے حساب سے تاریخ کہنے کو ایک شریف فن اور شعار سمجھتے ہیں۔
علم الاعداد اور علم الاحروف جو علوم نفیسہ و قدیمہ وغریبہ میں سے ایک علم ہے اس کا موضوع یہی حروف ہے اور عدد کے تصرفات اور تغیرات اور تبدیلات اور وفق اور نقش بنانے کے طریقہ اور ترکیب کہ خاص اہل فن کو حاصل ہے اور نتائج عجیب اور فوائد عظیمہ اس اعمال سے حاصل کئے ہیں اساتذہ اعداد کو حروف کی روح جانتے ہیں اور کلام کے ارواح سے کلمات میں روح ڈالتے ہیں اور ان کو زندگی دیتے ہیں۔ اور انھیں حروف و اعداد سے یہ بھی ہوتا ہے کہ مخفی حالات معلوم کرتے اور آثار بھی اخذ کرتے ہیں۔

بَلْ ہُوَ قُرْآنٌ مَّجِیْدٌ فِی

لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ

اشارات

علماءِ اسلام پر یہ بات واضح ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ کا سینۂ مبارک درحقیقت لوحِ محفوظ ہے۔ چنانچہ اسی عقیدت کے پیشِ نظر آقائی حافظیان نے اس نقش کو (لوحِ محفوظ) کا نام دیا۔ یہ صفحہ ایک لوح ہے اور اس لوح میں بہت سے مطالب محفوظ ہیں، لہٰذا اس نام کو لوحِ محفوظ حقیقی سے استعارہ کیا۔ اس کی ایک اور وجہ بھی قیاس کی جاسکتی ہے وہ یہ کہ علم الاعداد کے بعد جو نتیجہ اخذ ہوا وہ قطعی مطابق ہوا اُن آیاتِ قرآنی کے مطالب ومضمرات کے جن میں رسولِ پاکؐ اور آپکی نبوت کی بابت ذکر ہے اور ان آیاتِ قرآنی کے اعداد کا نتیجہ مطابق ہوا ان القاب واسماءِ گرامی کے مجموعہ کا کہ جن اسماء والقاب واوصافِ گرامی سے رسولِ پاکؐ کو یاد کیا جاتا ہے۔

سمجھنے کی آسانی کے لئے نقش کی منزلیں بتائی جاسکتی ہیں۔

منزلِ اوّل — پیشانی اسم نقش لوحِ محفوظ اور ان کی اعداد از روئے ابجد ۱۰۷۸

منزلِ دوم — دس آیاتِ قرآنی جو پانچ تقطیع میں لکھی گئی ہیں۔ ہر ایک تقطیع میں دو آیات ہیں اور ہر ایک تقطیع کے اعداد بترتیب ہر تقطیع کے نیچے لکھے گئے ہیں۔

اور وہ یہ ہے ۱۷۱۹ ۱۸۱۱ ۳۳۹۴ ۲۵۴۴ ۲۳۵۸

کُل جمع۔ ۱۱۸۲۶

منزلِ سوم — پانچ ابیاتِ نعتیہ شیخ سعدی علیہ الرحمہ ہے جو پانچ تقطیع میں ہر ایک تقطیع کے نیچے درج ہے ہر قطعہ کی جمع اعداد یہ ہے۔ ۱۷۱۹ ۱۸۱۱ ۳۳۹۴ ۲۵۴۴ ۲۳۵۸

کُل جمع۔ ۱۱۸۲۶

منزلِ چہارم — نقش خود ایک مربع ہے جس کے اندر پچیس در پچیس خانہ ہے اس طرح پورے نقش میں ۶۲۵ خانے ہیں۔ دوسرے بیان سے یہ ہے کہ اس نقش کے اندر پچیس مربع ہیں اور ہر ایک مربع کے اندر پچیس خانے ہیں اس طرح بھی پورے نقش میں ۶۲۵ خانے ہیں ان خانوں کے اندر سطرِ اوّل سلام ببارگاہ آنحضرت ہے اور بقیہ چوبیس سطر کے چھ سَو خانوں میں ہر خانہ کے اندر دو لفظ سے ایک وصف یا ایک لقب درج ہے۔ اس نقش کی ہر سطر کے الفاظ کے اعداد کی جمع یعنی ہر طرف سے ۱۱۸۲۶ ہوتی ہے۔

منزلِ پنجم — تعویذِ نقش کے ذیل میں جو تعویذ مبارک درج ہے وہ ان پانچ آیاتِ قرآنی کا مضمری مخمس ہے جو پیشانی

کے دائیں بائیں چاند ستاروں کے اندر پانچ آیات قرآنی درج ہیں جن میں سے ہر ایک کے اعداد

۲۹۸ ۳۳۴۰ ۲۱۲۳ ۲۵۵۲ ۲۸۸۲

اور کل جمع ۱۱۸۲۶ ہے۔

مستحصلہ آیات قرآنی ابیات نقش کے مندرجات اور تعویذ کے اعداد کا مستحصلہ بقاعدہ زُبُر و بینات سے ہے۔

قُطب کونین ۲۲۹ اور مُصطفٰے ۲۲۹ حاصل ہوتا ہے۔

محمد رسول اللہ

توضیحات

اس نقش معظم کے معنوی اسرار اور آثار و خواص کی شرح میرے امکان سے باہر ہے البتہ اس کے ظواہر کی وضاحت یوں کی جا سکتی ہے کہ نقش کی پیشانی پر قرآن مجید کی جو منتخب دس آیتیں درج ہیں وہ نبوت سے متعلق ہیں ان دس آیتوں کو پانچ قطعوں میں لکھا گیا ہے ہر قطعہ میں دو آیتیں لکھی ہیں۔ ہر قطعہ میں لکھی ہوئی آیات کے مجموعی اعداد بحساب ابجد ان کے نیچے لکھے ہیں۔ اور اس کے بعد وسط میں ان دس آیات مبارکہ کے مجموعی اعداد ۱۱۸۲۶ درج ہیں۔

آیات مبارکات کے نیچے شیخ سعدی علیہ الرحمہ کے پانچ نعتیہ شعر ہیں ان میں سے ہر بیت کے نیچے اس کے اعداد اور اس کے بعد وسط میں پانچوں ابیات کی جمع کل ۱۱۸۲۶ درج ہے۔

ان میں سے ہر بیت کے اعداد اس کے اوپر لکھی ہوئی دو آیتوں کے اعداد کے مطابق ہیں۔ اور پانچوں ابیات کے اعداد کی جمع کل ۱۱۸۲۶ اوپر لکھی ہوئی آیات کے اعداد کی جمع کل کے ۱۱۸۲۶ کے مطابق ہے۔ پورے نقش میں پچیس مربع ہیں اور ہر مربع میں پچیس خانے ہیں اس طرح کل نقش ۲۵ مربعوں پر اور ہر ایک مربع ۲۵ خانوں پر اور پھر کل ۶۲۵ خانوں پر منقسم ہیں۔ نقش کی پہلی سطر جس میں ۲۵ خانے ہیں حضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں سلام پر مشتمل ہے باقی چھ سو خانوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کے اسماء مبارک، اور القاب اور اوصاف اس التزام کے ساتھ ذکر کئے گئے ہیں کہ ہر ترکیب دو لفظی ہے۔ اور کسی خانہ میں ترکیبات مکرر نہیں ہوتے اور ہر ترکیب دو لفظی کے ابجد کے حساب سے ان کے حروفات کے اعداد کو جمع کر کے اسی خانہ کے اندر ترکیب کے نیچے لکھ دیا ہے۔ ان ۶۲۵ خانوں میں کسی خانہ کے عدد مکرر نہیں ہوتے۔ ایک خصوصیت یہ ہے کہ اگر پہلے مربع کے پچیس خانوں میں سے عرضاً یا طولاً یا زاویہ بزاویہ پانچ خانوں کے اعداد جمع کریں تو ان کا مجموعہ ایک ہوگا۔ جو مربع کے زیریں خط کے وسط میں درج ہے اور وہی مجموعہ عدد اوپر درج شدہ شعر سعدی کے اعداد کے برابر اور اسی طرح مندرجہ بالا آیات مبارکات کے اعداد کے برابر ہوں گے یعنی مربع کے پانچ خانے میں جس طرف سے بھی حساب کریں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مدح و اوصاف پر مشتمل ہونے کے علاوہ باطناً متعلقہ آیات مبارکات اور متعلقہ شعر کے معنوی اسرار پر حاوی ہیں۔

یہی خصوصیات دوسرے تیسرے چوتھے اور پانچویں مربع کی ہیں۔ باقی بیس مربعوں میں سے ہر مربع کی جمع کل اس کے زیریں خط کے وسط میں درج ہے۔ ان مربعوں میں سے کسی مربع کی جمع دوسرے مربعوں سے نہیں ملتی۔

خود اس نقش معظم کے پچیس خانوں میں طولاً و عرضاً زاویہ بزاویہ جس طرف سے بھی حساب کریں ان کا جمع برابر ہوگا اور ان کے مجموعی اعداد ۱۱۸۲۶ عنوان کی دس آیتوں کی جمع کل ۱۱۸۲۶ اور اسی طرح نعتیہ اشعار کی جمع کل ۱۱۸۲۶ اور چاند ستاروں میں لکھی ہوئی پانچ آیت کے اعداد کی جمع کل ۱۱۸۲۶ کے مطابق ہیں۔

اس طرح یہ نقش معظم ۲۵ در ۲۵ کے وفق کا مظہری اور مضمری نقش ہے۔ اس کی ہر سطر میں سلام کی سطر اور دس آیتیں اور نعتیہ اشعار باطناً اور روحاً یعنی عدد کے لحاظ سے موجود اور مستتر ہیں۔

جو نقش کے ذیل میں واقع ہیں ان پانچ آیات مبارکات کا مضمری مخمس ہے جو عنوان کی آیات و اشعار کے ہر طرف چاند تارہ کی شکل میں درج ہیں ان پانچ آیات کے خواص اہل فن پر ظاہر ہیں۔

نقش کی پیشانی کے داہنے اور بائیں دونوں کونوں پر چاند ستارے ہیں جن کے اندر پانچ آیات قرآنی درج ہیں ان میں سے ہر آیت ایک مختلف خواص اور اہمیت رکھتی ہے۔

اول آیت توحید اور تعریف اور اسم اعظم باری تعالیٰ پر حاوی ہے۔

دوسری آیت مرسلین کے متعلق ہے۔

تیسری آیت فتوحات کامیابی و کامرانی کے لئے ہے۔

چوتھی آیت حفظ و امان کے لئے ہے۔

پانچویں آیت مخصوص درود و سلام بہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ہے۔

ہر آیت کے اعداد اس کے نیچے درج ہیں اور ان آیات کے اعداد کا جمع کل ۱۱۸۲۶ بائیں جانب کے چاند ستارے کے تحت درج ہے۔ ان آیات کے اعداد کا جمع کل شیخ سعدی علیہ الرحمہ کے ابیات کے اعداد کے جمع کل ۱۱۸۲۶ اور اس کے اوپر مندرج دس آیات کے جمع کل ۱۱۸۲۶ کے مطابق ہے۔

اس تعویذ کے پہلے خانہ کے اعداد نقش کے پہلے مربع کی کل جمع کے مطابق ہیں اور پہلے شعر شیخ سعدی علیہ الرحمہ کے بھی۔ اور باقی چوبیس خانے بھی نقش معظم کے باقی چوبیس خانوں سے عددی ترتیب و مطابقت رکھتے ہیں۔

تعویذ کے مجموعی اعداد ۱۱۸۲۶ کو حرف میں تبدیل کر کے ان کے ملفوظی صورت کے اعداد لیں تو ۲۴۷ ہوتے ہیں اور یہ (قطب کونین ۲۴۷) کے اعداد ہیں۔

زبر کو چھوڑ کر اعداد بینات کا حساب کریں تو ۲۲۹ ہوتے ہیں جو لقب مبارک (مصطفےٰ) کے اعداد ہیں۔

عجب یہ ہے کہ م ص ط ف ی بھی پانچ حرف پر مشتمل ہے۔

غرض جمع کل یعنی ۱۱۸۲۶ جس پر نقش مبنی ہے آیات مبارکات۔ نعتیہ اشعار آنحضرت پر سلام۔ نقش کی ہر طرف مدحیہ سطر۔ چاند ستارہ کی پانچ آیات سے ہر ایک مطابق ہے۔

نیز القاب مبارکہ (قطب کونین)، اور (مصطفےٰ) بقاعدۂ زبر و بینات بھی اسی جمع کل سے نکلتے ہیں۔ حسن اتفاق یہ ہے کہ اگر اس جدول کے نام (لوحِ محفوظ) کے اعداد ۱۰۷۸ کو لے کر اس کے حروف ح ز ا بنائے جائیں اور ان کے ملفوظی ح ا ز ا ال ف کیا جائے تو ان کے اعداد کلمۂ (نبیُّ اللہ) ۱۰۷۸ کے اعداد کے مطابق ہوتے ہیں۔

لوحِ محفوظ

اس نقش معظم کا عنوان (لوح محفوظ) ہے۔ لوحِ محفوظ کے حروف کے اعداد ۱۰۷۸ ہوتے ہیں

ل	و	ح	م	ح	ف	و	ظ
۳۰	۶	۸	۴۰	۸	۸۰	۶	۹۰۰

۳۰
۶
۸
۴۰
۸
۸۰
۶
۹۰۰

۱۰۷۸ ان اعداد کا جمع ہوتا ہے۔

جب زُبرُو بیّنات کے عمل سے دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ اس کا حاصل (نبیّ اللہ) ہوتا ہے

لوحِ محفوظ کے حروف کے اعداد کا جمع ہو گیا ۱۰۷۸

اعداد ۸ ۷ ۱

استنطاق کیا ح ز ا یعنی حروف میں تبدیل کیا اعداد کو

جب ملفوظی کیا ہوا ح ا ز ا ال ف

۸ ۱ ۷ ۱ ۱ ۳۰ ۸۰

حروف کے اعداد کو جمع کیا ←

۸
۱
۷
۱
۱
۳۰
۸۰

---

۱۲۸ ← جمع ہو گیا

اور نبیّ اللہ ۔ ن ب ی ا ل ل ہ

۵۰ ۲ ۱۰ ۱ ۳۰ ۳۰ ۵

یہ اعداد کو بھی جمع کیا ——

۵۰
۲
۱۰
۱
۳۰
۳۰
۵

جمع ہو گیا —— ۱۲۸

یہ بھی عجیب بات ہے کہ اس استنطاق سے بھی یہ معلوم ہو گیا کہ (لوحِ محفوظ) سے بطور مذکور نبیؐ اللہ پیدا ہوتا ہے۔

اشہد ان محمد الرسول اللہ

نقشش کے اوپر پہلی تقطیع دو آیات از قرآن پاک

قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ

انک لمن المرسلین

۱۷۱۹

پہلا شعر شیخ سعدی علیہ الرحمہ

کریم السجایا جمیل الشیم

نبی البرایا شفیع الامم

۱۷۱۹

۱۳۵۷۲

نقش کے اوپر دوسری تقطیع دو آیات قرآنی

قد جاءکم من اللہ نور و کتاب مبین

ھدی و ذکری لاولی الالباب

(۱۸۱۱)

دو مصرع شیخ سعدی علیہ الرحمہ

امام رسل پیشوای سبیل

امین خدا مہبط جبرئیل

(۱۸۱۱)

نقش کے اوپر تیسری تقطیع دو آیات قرآنی

مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّن رِّجَالِکُمْ وَلٰکِن رَّسُولَ

اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیِّینَ اِنَّکَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیمٍ

(۳۳۹۲)

دو مصرع شیخ سعدی علیہ الرحمہ

تُرا عزِ لولاک تمکین بس است

ثنای تو طٰہٰ و یٰسٓ بس است

(۳۳۹۲)

نقش کے اوپر چوتھی تقطیع دو آیات قرآنی

قُلْ یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا لَکُمْ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ

قُلْ یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا

(۲۵۴۴)

دو مصرع شیخ سعدی علیہ الرحمہ

خدایا بحق بنی فاطمہ

کہ بر قول ایمان کنم خاتمہ

(۲۵۴۴)

نقش کے اوپر پانچویں تقطیع دو آیات قرآنی

وعلمك ما لم تكن تعلم

ويهديك صراطا مستقيما

(۲۳۵۸)

دو مصرع شیخ سعدی علیہ الرحمہ

اگر دعوتم رد کنی ور قبول

من و دست و دامان آل رسول

(۲۳۵۸)

مندرجہ بالا پانچ تقطیع میں لکھی ہوئی دس آیات قرآنی کے اعداد کا جمع کل

۱۱۸۲۶
جمع کل

مندرجہ بالا پانچ تقطیع میں لکھی ہوئی شیخ سعدی علیہ الرحمہ کے ابیات کے اعداد کا جمع کل

۱۱۸۲۶
جمع کل

نقش معظم کے پہلے مربع میں جو پہلے شعر سعدی کے نیچے ۵ در ۵ واقع ہے کل ۲۵ خانہ ہیں اس کے اعداد ہر طرف سے یعنی عرضاً طولاً زاویتاً جمع کریں تو ان کی جمع ۱۷۱۹ ہوگی جو خط زیریں کے وسط میں تحریر ہے، وہ عدد مطابق ہے اعداد پہلے شعر سعدی کے اور اعداد آیات فوق کے۔

سلام ما بدرہ ۴۰۴	منور بارگاہ ۵۲۵	شاہ ملک دین ۴۶۰	مولای کل ۱۳۷	داعی حق ۱۹۳
صاحب لوا ۱۳۸	جان علم ۱۹۴	جان قرآن ۴۰۵	نور دارین ۵۲۱	روح الارواح ۴۶۱
اصل عرفان ۵۲۲	برگزیدہ بر ۴۵۷	پناہ امم ۱۳۹	کہف ملک ۱۹۵	واقف حقایق ۴۰۶
امید عالم ۱۹۶	مطلع انوار ۴۰۷	امیر عرب ۵۲۳	بی ہمتا ۴۵۸	آگاہ حق ۱۳۵
شمس جہان ۴۵۹	عبد مؤید ۱۳۶	صاحب کمال ۱۹۲	جلیل القدر ۴۰۸	خسرو ارجہان ۵۲۴

۱۷۱۹

نقش معظّم کا دوسرا مربع جو دوسرے شعر سعدی کے نیچے واقع ہے وہ بھی اسی طرح شعر سعدی اور آیات فوق کے اعداد کے مطابق ہے ۔

رسالتمآب عین یقین ۱۰۳۴	کہف کونین ۲۴۱	سایۂ الٰہ ۱۱۲	ہادی جہان ۷۹	دریای احسان ۳۴۵
مہبط وحی ۸۰	نبی الرحمۃ ۳۴۶	آیت تطہیر ۱۳۵	ولی النعم ۲۳۷	جان جہان ۱۱۳
دریای جود ۲۳۸	کوہ حلم ۱۰۹	حبیب جہان ۸۱	بدر عالم ۳۴۲	رہنمای خلق ۱۰۳۶
نور انام ۳۴۸	مخبر صادق ۱۰۳۷	ممدوح عالم ۲۳۹	زبدہ انام ۱۱۰	جان پاک ۷۷
ہادی کامل ۱۱۱	آب حیوان ۷۸	مدبر زمان ۳۴۴	شریعت پناہ ۱۰۳۸	مغنی تیس ۲۴۰

۱۸۱۱

نقش معظم کا تیسرا مربع جو مثل سابق تیسرے شعر اور دونوں آیتوں کے اعداد سے مطابقت کرتا ہے۔

رسول کریم ۵۶۶	کعبہ مقصود ۳۳۷	معدن برکت ۷۸۶	داور اولیا ۲۵۹	خاتم النبیین قطب عالم ۱۴۴۶
محبوب رب ۲۶۰	مختار جبار ۱۴۴۷	غایت آل ۵۶۷	گوہر ایمان ۳۳۳	لوای نصرت ۷۸۷
نفس مطمئنہ ۳۳۴	قبلہ مرادات ۷۸۳	اعدل عادلان ۲۶۱	پیغمبر صدق ۱۴۴۸	شمع محفل ۵۶۸
خلیفۃ الرحمن ۱۴۴۹	جوہر دانش ۵۶۹	مطلع فنون ۳۳۵	جان خلق ۷۸۴	آزاد مرد ۲۵۷
کشتی امید ۷۸۵	مہر وجود ۲۵۸	چراغ ارم ۱۴۴۵	آفتاب بلند ۵۷۰	فقیہ عالم ۳۳۶

۳۳۹۴

نقشِ معظم کا چوتھا مربع اسی طرح

حاکم دہر ۲۷۸	قدوۂ عالم آدم ۳۰۷	چشم اسلام ۴۷۵	رحمۃ العالمین ۸۸۰	فخر الہام حبیب اللہ رسول اللہ ۶۰۴
مطلع اخلاق ۸۸۱	چشمۂ روان ۶۰۵	لطف عمیم ۲۷۹	قلب معانی ۳۰۳	آیت اجلال ۴۷۶
مدار جہان ۳۰۴	جلوۂ توحید ۴۷۲	امیر المتقین ۸۸۲	رسول برحق ۶۰۶	ممدوح آفاق ۲۸۰
صاحب ارشاد ۶۰۷	ہادی دوران ۲۸۱	دریای عطا ۳۰۵	سراج دہر ۴۷۳	ضیاء اللہ ۸۷۸
رسول مقبول ۴۷۴	چشمہ عنایت ۸۷۹	عالم اسرار ۶۰۳	منبع احسان ۲۸۲	حصن حصین ۳۰۶

۲۵۴۴

نقشِ معظم کا پانچواں مربع اسی طرح

السید البشر ٦٣٨	محمد ٩٢	بن عبد اللہ صلی اللہ علیہ ٥٠٥	وآلہ المعصومین ٣٧٩	واصحابہ المتقین ٧٤٤
مقبول رب ٣٨٠	خواجہ فلک ٧٤٥	حاکم شرع ٦٣٩	پاک جبین ٨٨	بدر منیر ٥٠٦
حامد آلہ ٨٩	صابر و بر ٥٠٢	عقل فعال ٣٨١	شاہ گیتی ٧٤٦	اشرف جہان ٦٤٠
صدر جنت ٧٤٧	والا تبار ٦٤١	کان حیا ٩٠	امام المرسلین ٥٠٣	نور سبحان ٣٧٧
زبدۂ تکوین ٥٠٤	مرجع اجلال ٣٧٨	معدن فصاحت ٧٤٣	لطافت اساس ٦٤٢	حاکم حدود ٩١

٢٣٥٨

نقل از نامۂ آستان قدس - مشہد

سطرِ سلام

اس نقش معظم کی سطر اول جو پچیس خانوں پر مشتمل ہے اس میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ کی بارگاہ میں سلام عرض ہے۔ صفحہ مقابل کے پانچ ٹکڑوں کو اگر سلسلہ وار جوڑ دیا جائے تو وہ نقشِ معظم کی پہلی سطر بنتی ہے۔ اور اگر ان پچیس خانوں کو ترتیب سے پڑھا جائے تو یہ سب حضور پر نور پر ایک مربوط و مسلسل سلام ہو جاتا ہے۔

پہلے مربع کی پہلی سطر

سلام ما بدرگاہ	منور بارگاہ	شاہ ملک دین	مولای کل	داعی حق
۴۰۶	۵۲۵	۴۶۰	۱۳۷	۱۹۳

دوسرے مربع کی پہلی سطر

رسالتمآب عین یقین	کہف کونین	سایۂ الٰہ	ہادی جہان	دریای احسان
۱۰۳۴	۲۴۱	۱۱۲	۷۹	۳۴۵

تیسرے مربع کی پہلی سطر

رسول کریم	کعبہ مقصود	معدن برکت	داور اولیا	قطب عالم خاتم النبیین
۵۶۶	۳۳۷	**۷۸۶**	۲۵۹	۱۴۴۶

چوتھے مربع کی پہلی سطر

حاکم دہر	قدوۂ عالم و آدم	چشم اسلام	رحمۃ العالمین	کنز الہام حبیب اللہ رسول اللہ
۲۷۸	۳۰۷	۴۷۵	۸۸۰	۶۰۴

پانچویں مربع کی پہلی سطر

السید البشر	محمد	بن عبد اللہ صلی اللہ علیہ	وآلہ المعصومین	واصحابہ المتقین
۶۳۸	۹۲	۵۰۵	۳۷۹	۷۴۴

نقشِ معظم کی پہلی سطر کے ۲۵ خانوں میں سلام کے جملے درج ہیں اور بقیہ ۶۰۰ خانوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ کے القاب درج ہیں۔

ہر خانہ کے اندر خاص دو لفظ کی ترکیب ہے نہ کسی خانہ میں تین لفظ ہیں اور نہ کسی خانہ میں ایک لفظ۔

ہر خانہ میں لکھے ہوئے جملوں کے اعداد اس کے نیچے لکھے ہیں اور کوئی جملہ دہرایا نہیں گیا ہے۔

جو جملہ ایک خانہ میں درج ہو گیا پھر وہ کسی دوسرے خانے میں نہیں آیا۔

نقش کے اوّل مربع جس میں ۲۵ خانے ہیں اس میں پانچ خانوں میں لکھے ہوئے جملوں کے اعداد کا جمع چاہے وہ داہنے سے بائیں اوپر سے نیچے یا زاویہ بزاویہ یعنی ۱۲ سمتوں میں سے کسی طرف سے بھی جوڑا جائے اس کی میزان

۱۷۱۹

ہوگی یہ میزان پیشانی میں لکھی آیات کی پہلی تقطیع کے جمع جو خط زیریں کے وسط میں درج ہے

۱۷۱۹

کے برابر ہے اور شعر سعدی علیہ الرحمہ کے اشعار کی پہلی تقطیع کے جمع کے برابر ہے

۱۷۱۹

نظر عمیق ڈالنے والے یہ محسوس کریں گے کہ پہلے مربع کے مندرجات اگر ظاہراً اوصاف و القاب آنحضرتؐ ہیں لیکن باطناً عدد کے قاعدہ سے یعنی روحاً اشعار سعدی اور آیات قرآنی ہوں گے لہٰذا کسی حد تک اب سمجھ میں آئے گا کہ اس نقش کا نام "لوحِ محفوظ" کن وجوہ سے رکھا گیا ہے۔

اسی طرح دوسرے مربع کے پانچ خانوں کے اعداد کا جمع بارہ سمتوں سے ۱۸۱۱ ہوتا ہے یہ وہی عدد ہے جو مندرجہ پیشانی آیات قرآنی کی دوسری تقطیع کی جمع ہے ۱۸۱۱

اس کے مثل تیسرے چوتھے اور پانچویں مربع اور پانچویں تقطیع کے اعداد کی جمع کے برابر ہے۔

نقش معظم کے پہلے مربع کے نیچے والا مربع جو سلسلہ میں نقش کا چھٹا مربع ہے اس میں ۲۵ خانے ہیں اس مربع کی ایک سطر جس کے پانچ خانے ہیں یعنی اگر ۱۲ سمتوں سے جوڑا جائے تو اعداد کا مجموعہ ہوگا

۲۵۴۹

اسی طرح باقی مربعوں کا بھی جملہ پچیس مربعوں کے اعداد کی میزان ایک دوسرے سے مختلف ہے اور کوئی مجموعہ دوسری مرتبہ دہرایا نہیں جائے گا۔

من حیث الکل ان پچیس مربعوں کے اعداد کی جمع کو جس طرف سے جوڑیں جمع ایک ہوگا۔ چاہے دائیں سے بائیں۔ اوپر سے

نیچے. یا زاویہ بزاویہ جوڑیں اس کا جمع کل ۱۱۸۲۶
ہی ہوگا جو آیات قرآنی مندرجہ پیشانی کے اعداد ۱۱۸۲۶ اور اشعار شیخ سعدی علیہ الرحمہ کے اعداد کی جمع کل ۱۱۸۲۶ کے برابر ہوتا ہے۔

قارئین پر اب واضح ہوگیا کہ نقش کے پچیس مربعوں میں ۶۲۵ خانے جو ہیں ان کے اعداد کی میزان ۵۲ سمتوں سے لگائی جا سکتی ہے ان ۵۲ سمتوں میں جس سمت سے بھی جوڑنا شروع کریں میزان کل

۱۱۸۲۶

ہی ہوگا جیسا کہ اوپر ہم دیکھ چکے ہیں کہ ۲۵ مربعوں میں سے ہر مربع کے اندر کے ۲۵ خانوں کے اعداد بارہ سمتوں سے جوڑے جا سکتے ہیں اور جس سمت سے جوڑنا شروع کریں میزان ایک ہی ہوگی جو الگ الگ پیشانی کی آیات قرآنی اور ابیات کی تقطیع وار میزان کے برابر ہوگی۔

اسی طرح تمام پچیس مربعوں کے اندر ۶۲۵ خانوں کے اعداد کی میزان ہر طرف سے

۱۱۸۲۶

ہوگی جو آیات قرآنی مندرجہ پیشانی کے اعداد کے جمع کل اور ابیات شیخ سعدی کی جمع کل کے برابر ہوگی

۱۱۸۲۶

قارئین کے لئے یہ بات دل چسپی سے خالی نہ ہوگی کہ جملہ ۶۲۵ خانوں میں جو جملے لکھے گئے ہیں ان کا املا اور ہجہ ادبی قواعد سے خارج نہیں ہے۔ ان میں محذوفات یا اضافات سے اگرچہ ایک ہی حرف ہو قطعی کام نہیں لیا گیا ہے اور الفاظ میں کسی قسم کا ضرورتاً تصرف نہیں ہوا ہے تاکہ اس کا مصداق نہ ہو کہ چون قافیہ تنگ آید شاعر بہ جفنگ آید

نقشِ معظّم کی دیگر خصُوصیّات

نقش معظم کی پہلی سطر کے صدر یعنی تیسرے مربع کے بیچ کے خانہ میں اور سب سے بالا معدن برکت

معدن برکت ۷۸۶

درج ہے جس کے عدد ۷۸۶ ہوتے ہیں یہ عدد (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) کے عدد ہیں یعنی نقش اوّل سطر کے صدر میں بسم اللہ تحریر ہے یہ بھی ایک بڑا کمال ہے جس کا قدرت نے ساتھ دیا ہے تاکہ بغیر بسم اللہ نہ ہو کہ آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کلّ اَمرٍ ذی بالٍ لم یبدا ببسم اللہ فھو ابتر

نقش معظم کے قلب میں آنحضرتؐ کے لقب شمع کائنات درج ہے

شمع کائنات ۸ ۹ ۲

جس کے معنی ہیں کہ حضورؐ کائنات کی شمع ہیں اور سارا عالم پروانہ اور شمع اس کو کہتے ہیں کہ جس کے روشنی سے اندھیرے میں اجالا ہو جائے۔

(محمدؐ شمع بزم آفرینش)

یعنی محمدؐ ہی جملہ مخلوق میں روشنی ہیں جن کو اللہ جل شانہ نے اپنی کتاب پاک میں سِرَاجًا مُنِیرًا فرمایا ہے۔

گر نہ بیند بروز شب پرہ چشم چشمۂ آفتاب راچہ گناہ

یعنی محمدؐ تو سورج کی طرح دنیا کو روشنی عطا فرما رہے ہیں اگر چمگادڑ کو روشنی نظر نہیں آتی تو اس میں سورج کا کیا قصور۔

اس نقش معظم کے چاروں طرف بطور حاشیہ خط ثلث میں مکتوب عربی عبارت مولای کائنات حضرت علی علیہ السّلام کے خطبہ سے ماخوذ ہے۔ قارئین کی سہولت

کے مدِنظر اس عبارت کا اردو ترجمہ ذیل میں درج کیا جارہا ہے :-

ترجمہ از کتاب حضرت فیض الاسلام اصفہانی تہران

مَضَتْ کَرامَةُ اللهِ سُبحانَهُ اِلیٰ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ
اللہ سبحانہ کی طرف سے منصب نبوت و پیغمبری حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ) کو پہونچا۔

فَاَخرَجَهُ مِنْ اَفضَلِ المَعادِنِ مَنبَتاً
پس آنحضرتؐ کو بہترین معدنوں نے پیدا کیا۔

وَاَعَزِّ الاَرُوماتِ مَغرِساً
اور عزیز ترین جڑوں میں آپؐ کی بنیاد رکھی۔

مِنَ الشَّجَرَةِ الَّتِی صَدَعَ مِنْها اَنبِیاءَهُ
ایسے درخت سے کہ پیغمبروں کو اس سے ظاہر کیا۔

وَانتَجَبَ مِنْها اُمَناءَهُ
اور اپنے امینوں کو اس سے چُنا۔

عِترَتُهُ خَیرُ العِتَرِ
ان کا خاندان بہترین خاندانوں میں سے۔

وَاُسرَتُهُ خَیرُ الاُسَرِ
ان کے رشتہ دار بہترین رشتہ دار۔

وَشَجَرَتُهُ خَیرُ الشَّجَرِ
ان کا شجرہ بہترین شجروں میں سے ہے۔

لَها فُرُوعٌ طِوالٌ
اس شجر کی شاخیں بلند ہیں۔

وَثَمَرَةٌ لاتُنالُ
اور پھل ایسے ہیں جہاں ہر ایک کا ہاتھ نہیں پہونچ پاتا۔

فَهُوَ اِمامُ مَنِ اتَّقیٰ
اور آنحضرتؐ پرہیزگاروں کے پیشوا

وَبَصیرَةُ مَنِ اهتَدیٰ
اور دیکھنے والوں کی آنکھوں کی روشنی۔

سِراجٌ لَمَعَ ضَوءُهُ
چراغ ہیں جس کا نور درخشاں۔

وَشِهابٌ سَطَعَ نُورُهُ
اور ایسا ستارہ ہیں جسکا نور پھیل رہا۔

وَزَندٌ بَرَقَ لَمعُهُ
اور ایسا چقماق ہیں جسکی روشنی شعلہ فشاں ہے۔

سیرَتُهُ القَصدُ
انکی سیرت سیدھے راستہ پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنا۔

وَسُنَّتُهُ الرُّشدُ
اور ان کا طریقہ ہدایت و رہنمائی ہے۔

وَکَلامُهُ الفَصلُ
اور ان کا کلام حق و باطل کا فیصلہ کرنے والا۔

وَحُکمُهُ العَدلُ
اور ان کا حکم عدل کیساتھ ہے

اَرسَلَهُ عَلیٰ حینِ فَترَةٍ مِنَ الرُّسُلِ
ایسے وقت مبعوث ہوئے جبکہ رسولوں کا سلسلہ رکا ہوا تھا

وَهَفوَةٍ عَنِ العَمَلِ
اور بد عملی پھیلی ہوئی تھی

وَغَباوَةٍ مِنَ الاُمَمِ
اور امتوں پر غفلت چھائی ہوئی تھی۔

هو الله الذی لا اله الا هو

۹۲۸

لقد ارسلنا رسلنا بالبینات

وانزلنا معهم الکتاب والمیزان

لیقوم الناس بالقسط وانزلنا

الحدید فیه باس شدید

۳۳۲۰

ان تستفتحوا فقد جاءکم الفتح

۲۱۲۴

فالله خیر حافظا وهو ارحم الراحمین

۲۵۵۲

ان الله وملائکته یصلون علی النبی

یا ایها الذین امنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما

۲۸۵۲

جمع کل

۱۱۸۲۶

چاند ستارہ

نقش معظّم کی پیشانی کے دونوں طرف گوشوں میں چاند اور ستارہ کا نقش ہے۔ ان میں پانچ آیات قرآنی لکھی ہوئی ہیں۔ ہر آیت مخصوص اہمیت رکھتی ہے۔ پہلی آیت معرفت باری تعالیٰ، دوسری آیت مرسلین کے متعلق۔ تیسری آیت فتح و کامرانی۔ چوتھی آیت حفظ و امان۔ اور پانچویں آیت رسول پاک پر درود و سلام۔ ان آیات کے خواص اہل علم کو معلوم ہیں۔

ہر آیت کے حروف کے اعداد کا جمع اس آیت کے نیچے لکھا ہے۔ اور ان جملہ پانچ آیات کے عددی میزان کا جمع کل **۱۱۸۲۶** سب سے نیچے لکھا ہے جس کے آیات کی جمع کل اور اشعار کی جمع کل برابر ہے۔

پہلی آیت هُوَ اللّٰهُ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورۂ حشر۔ آیۃ ۲۳)

کا عدد ۹۲۸

دوسری آیت لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْکِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ (سورہ حدید آیہ ۲۶)

کا عدد ۳۳۲۰

تیسری آیت اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَکُمُ الْفَتْحُ (سورہ انفال۔ آیہ ۲۰)

کا عدد ۲۱۷۴

چوتھی آیت فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (سورۂ یوسف۔ آیہ ۶۵)

کا عدد ۲۵۵۲

پانچویں آیت اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔ (سورۂ احزاب۔ آیہ ۵۶)

کا عدد ۲۸۵۲

اب ان جملہ آیتوں کے اعداد کو جمع کیا

۹۲۸
۳۳۲۰
۲۱۷۴
۲۵۵۲
۲۸۵۲
۱۱۸۲۶ کل جمع ہوئی۔

اس نقش معظّم کے تحت آقائی حافظیان کی مندرجہ بخط طغرا امتیازی مہر ہے "سید ابو الحسن حافظیان"

السید ابو الحسن علی حافظیان

اور اس کے نیچے آپ کے دستخط ہیں جو ایک چوکور شکل میں ہیں جو " ابو الحسن حافظیان" ہے اور اس کے نیچے ــــــ کی کشش دراصل سید کا مخفّف ہے اور جزو دستخط ہے۔

تعویذ

نقش معظّم کے عین نیچے ایک تعویذ (نقش مخمس) درج ہے جو ۲۵ خانوں پر مشتمل ہے۔ اس کے ہر خانہ میں نقش معظّم کے پچیس مربعوں میں سے ہر ایک مربع کے اعداد کا جمع اس تعویذ کے خانوں میں بالترتیب درج ہے لہذا یہ تعویذ نقش معظّم کی روح ہے۔ آیات قرآنی اور اشعار شیخ سعدی کی ہر ایک سطر میں مستتر ہے لیعنی نقش کے پہلے خانہ میں سعدی کے پہلے شعر اور پہلی تقطیع آیات کے اعداد کا مجموعہ اور دوسرے خانہ میں نقش کے دوسرے شعر سعدی اور دوسرے تقطیع آیات کے اعداد کا مجموعہ۔ اور تیسرے خانہ میں تیسرے شعر اور تیسری تقطیع کے اعداد کا مجموعہ اسی طرح چوتھے خانہ میں چوتھے شعر سعدی اور چوتھی تقطیع کے اعداد کا مجموعہ اور پانچویں خانہ میں سعدی کے پانچویں شعر اور آیات کی پانچویں تقطیع کے اعداد کا مجموعہ ہے۔ اور یہ سب مجموعہ اعداد ۱۱۸۲۶ ان پانچ آیتوں کے اعداد کے برابر ہوگا جو نقش معظّم کی پیشانی کے دائیں اور بائیں چاند ستارہ کے اوپر لکھا ہوا ہے

۲۳۵۸	۲۵۶۴	۲۳۹۴	۱۸۱۱	۱۷۱۹
۲۳۹۹	۱۷۹۱	۱۷۲۴	۲۳۶۳	۲۵۴۹
۱۷۲۹	۲۳۶۸	۲۵۵۴	۲۳۷۹	۱۷۹۶
۲۵۳۴	۲۳۸۴	۱۸۰۱	۱۷۲۴	۲۳۷۳
۱۸۰۶	۱۷۳۹	۲۳۵۳	۲۵۳۹	۲۳۸۹

۱۱۸۲۶

جمع کل

استنطاق و ب ح ا ا

ملفوظی واو با حا الف الف

اعداد ۲۴۷

استنطاق قطب کونین

بینات او ا ا لف لف

اعداد ۲۲۹

مستحصلہ (مصطفیٰ ۱ ۳)

حضرت آقائی حافظیان نے بیان فرمایا، اعداد کے رموز علم حرف کے ذریعہ ہی معلوم کئے جاسکتے ہیں۔

علم جفر اور علم الحروف کے ذریعہ اعداد سے استنطاق کرتے ہیں یعنی اعداد سے بولنے کا کام لیا جاسکتا ہے اور قاعدہ کے ساتھ حروف میں بدل جاتے ہیں۔

شرح

جمع کل **۱۱۸۲۶**

اعداد جمع ۶ ۲ ۸ ۱ ۱

ان کا مبدلہ حروف و ب ح ا ا

پھر انھیں حروف کو ملفوظی لکھا یعنی جو تلفظ آتا ہے واو با حا الف الف

ان کا اعداد بحساب ابجد ہر حرف کے نیچے لکھا ۶۱۶ ۱۲ ۱۸ ۱ ۳۰ ۸۰ ۱ ۳۰ ۸۰

پھر انھیں اعداد کو جمع کرنے کے لئے اس طرح لکھا

۶
۱
۶
۲
۱
۸
۱
۱
۳۰
۸۰
۱
۳۰
۸۰

پھر اعداد کو جمع کیا ۲۴۷ ہوا، اور یہی عدد ہے (قطب کونین) کا ۲۴۷

قطب کونین کے حروف کو الگ الگ لکھ دیا ق ط ب ك و ن ی ن

۱۰۰ ۹ ۲ ۲۰ ۶ ۵۰ ۱۰ ۵۰

پھر ان اعداد کو مثل بالا جمع کیا

۱۰
۹
۲
۲۰
۶
۵۰
۱۰
۵۰

اعداد کا جمع بن گیا ۱۴۷ قطب کونین کے لفظی معنی (دنیا و آخرت کا مرکز) ہے۔

جُدَیْ کے ستارہ کو قطب کہتے ہیں اس لئے کہ ہمیشہ اپنی جگہ پر قائم ہے۔ سب ستارے اس کے اطرف میں دورہ کرتے ہوئے چلتے ہیں۔

اب مرتب کو یہ تحقیق دربیش ہوئی کہ آیا (قطب کونین) آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ کے لئے مخصوص ہے یا کسی دوسرے پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ پس آپ نے زُبُر و بیّنات کے عمل سے اس کی تصدیق چاہی۔

(زُبُر وَ بیّنات)

قاعدہ یہ ہے کہ ہر حرف کو جب ملفوظی لکھیں تو پہلا حرف ان کا زُبُر اور بقیہ حروف خواہ ایک حرف یا دو یا تین حرف باقی ہوں ان کو بیّنات کہتے ہیں۔ مثلاً واو کا پہلا حرف وَ زُبُر ہوگا او باقی الف اور واوَ بیّنات ہوں گے اسی طرح سب زُبُر کو الگ کیا اور بیّنات کے بیان لینے کے مقصد سے عدد لیا تو کُل جمع ۲۲۹ ہوئی جیسا کہ نیچے درج ہے۔

جمع کل	۶	۲	۸	۱	۱	
بطور گزشتہ حروف ملفوظی	وا و	ب ا	ح ا	ا ل ف	ا ل ف	ا ل ف
حروف زُبُر کو چھوڑ کر صرف حروف بیّنات کو لکھا	ا و	ا	ا	ل ف	ل ف	
ان حروف بیّنات کے اعداد کو نیچے لکھ دیا	۱ ۶	۱	۱	۳۰ ۸۰	۳۰ ۸۰	

اور پھر انھیں اعداد کو جمع کیا

۱
۶
۱
۱
۳۰
۸۰
۳۰
۸۰

جمع ہوگیا ۲۲۹ اور یہی اعداد ہیں لقب (مصطفیٰ ۲۲۹) کے

اس طرح مصطفیٰ کو الگ الگ لکھا۔ م ص ط ف ی

اعداد کو ابجد کے حساب سے بھی لکھدیا ۴۰ ۹۰ ۹ ۸۰ ۱۰

اور پھر جمع کیا اعداد کو

۴۰
۹۰
۹
۸۰
۱۰

وہی عدد نکلا ۲۲۹ یعنی (قطب کونین) سے استنطاق کے بعد (مصطفیٰ)

حاصل ہوا اسی کو مستحصلہ کہتے ہیں۔

اسی طرح

۱۔ پیشانی میں مندرج پانچ تقطیع آیات قرآنی کے اعداد کی میزان ۱۱۸۲۶

۲۔ نعتیہ اشعار شیخ سعدی علیہ الرحمہ کے اعداد کی میزان ۱۱۸۲۶

۳۔ سطر سلام نقش معظم کا اور ہر سطر ان سطور مدحیہ کی میزانِ عدد ۱۱۸۲۶

۴۔ نقش مخمس زیر نقش معظم کا وفق ہر طرف سے میزانِ عدد ۱۱۸۲۶

۵۔ پانچ آیات چاند وستارے کے اندر لکھی ہوئی کا میزان عدد ۱۱۸۲۶

۱۱۸۲۶ کے استنطاق وملفوظی اعداد ۲۴۷

(قطب کونین)، کے اعداد بھی ۲۴۷

استنطاق (قطب کونین) کے اعداد ۲۲۹

متحصلہ (مصطفیٰ) کے اعداد ۲۲۹

اب (لوح محفوظ) کو یوں سمجھئے

ا کلام پاک کی دس آیت کے اعداد از روئے ابجد اس قاعدہ سے حاصل مصطفیٰ ہے

ب شیخ سعدی علیہ الرحمہ کے دس مصرع یعنی پانچ شعروں کے اعداد کا حاصل مصطفیٰ ہے

ج نقش معظم کی اول سطر میں مندرجہ سلام بدرگاہ آنحضرتؐ کا حاصل مصطفیٰ ہے

د نقش کے اندر تمام خانوں میں مندرج القاب و اوصاف آنحضرتؐ کا حاصل مصطفیٰ ہے

ھ چاند ستارہ کے اندر مندرج پانچ آیات اور نقش مخمس کا وفق ہر طرف سے حاصل مصطفیٰ ہے

اب غور کیجئے قرآن پاک کے اس ارشاد پر کہ

اَللّٰهُ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَمِنَ النَّاسِ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ (سورہ حج آیہ ۷۵)

اشہد ان محمد الرسول اللہ

نقش معظّم کے چھ سو پچیس خانے کی ایک سَطرِ سلام

پڑھنے کی سہولت کے مدّ نظر نقش میں ایک سبز لکیر بنا دی ہے جو پڑھنے کے لئے سمت اور تسلسل بتاتی ہے اس کے بموجب پڑھنے سے خانۂ اوّل تا خانۂ آخر ایک مسلسل سلام بحضور رسول مقبول ؐ پڑھنے میں آئے گا۔

نقش کی ۲۵ سطروں کے ۶۲۵ خانوں میں جوالفاظ واعداد درج ہیں ان کو قارئین کی سہولت کے لئے سطروار مع اعداد درج کر رہا ہوں۔

سطر اوّل مشتمل بہ سلام

نمبر شمار	جملات	اعداد	میزانات اعداد مربع
۱	سلام مابدرگاہ	۴۰۴	
۲	منور بارگاہ	۵۲۵	
۳	شاہ ملک دین	۴۶۰	
۴	مولائے کل	۱۳۷	
۵	داعئ حق	۱۹۳	۱۷۱۹
۶	رسالتماب عین الیقین	۱۰۳۴	
۷	کہف کونین	۲۴۱	
۸	سایۂ اِلٰہ	۱۱۲	
۹	ہادئ جہان	۷۹	
۱۰	دریائے احسان	۳۴۵	۱۸۱۱
۱۱	رسول کریم	۵۶۶	
۱۲	کعبۂ مقصود	۳۳۷	
۱۳	معدنِ برکت	۷۸۶	
۱۴	داورِ اولیا	۲۵۹	
۱۵	قطبِ عالم خاتم النبیین	۱۴۴۶	۳۳۹۴
۱۶	حاکمِ دہر	۲۷۸	
۱۷	قدوۂ عالم وآدم	۳۰۷	
۱۸	چشم اسلام	۴۷۵	
۱۹	رحمۃ العالمین	۸۸۰	
۲۰	کنزالہام حبیب اللہ رسول اللہ	۶۰۴	۲۵۴۴
۲۱	السیّد البشر	۶۳۸	
۲۲	محمد	۹۲	
۲۳	بن عبداللہ صلے اللہ علیہ	۵۰۵	
۲۴	وآلہ المعصومین	۳۷۹	
۲۵	واصحابہ المتقین	۷۴۴	۲۳۵۸
		۱۱۸۲۶	۱۱۸۲۶

سطرِ دوم

نمبر شمار	جملات	اعداد	میزانات
۲۶	صاحب لوا	۱۳۸	
۲۷	جان علم	۱۹۴	
۲۸	جان قرآن	۴۰۵	
۲۹	نور دارین	۵۲۱	
۳۰	روح الارواح	۴۶۱	۱۷۱۹
۳۱	محبط وحی	۸۰	
۳۲	نبی الرحمہ	۳۴۶	
۳۳	آیت تطہیر	۱۰۳۵	
۳۴	ولی النعم	۲۳۷	
۳۵	جان جہان	۱۱۳	۱۸۱۱
۳۶	محبوب رب	۲۶۰	
۳۷	مختار جبار	۱۴۴۷	
۳۸	عنایت الٰہ	۵۶۷	
۳۹	گوہر ایمان	۳۳۳	
۴۰	لوائے نصرت	۷۸۷	۳۳۹۴
۴۱	مطلع اخلاق	۸۸۱	
۴۲	چشمہ روان	۶۰۵	
۴۳	لطف عمیم	۲۷۹	
۴۴	قلب معانی	۳۰۳	
۴۵	آیت اجلال	۴۷۶	۲۵۴۴
۴۶	مقبول رب	۳۸۰	
۴۷	خواجۂ فلک	۷۴۵	
۴۸	حاکم شرع	۶۳۹	
۴۹	پاک جبین	۸۸	
۵۰	بدر منیر	۵۰۶	۲۳۵۸
		۱۱۸۲۶	۱۱۸۲۶

سطر سوم

نمبر شمار	جملات	اعداد	میزانات
۵۱	اصل عرفان	۵۲۲	
۵۲	برگزیدۂ دھر	۴۵۷	
۵۳	پناہ امم	۱۳۹	
۵۴	کہف ملک	۱۹۵	
۵۵	واقف حقائق	۴۰۶	۱۷۱۹
۵۶	دریائے جود	۲۳۸	
۵۷	کوہ حلم	۱۰۹	
۵۸	حبیب جہان	۸۱	
۵۹	بدر عالم	۳۴۷	
۶۰	رہنمائے حق	۱۰۳۶	۱۸۱۱
۶۱	نفس مطمئنہ	۳۳۴	
۶۲	قبلہ مرادات	۷۸۳	
۶۳	اعدل عادلان	۲۶۱	
۶۴	پیغمبر صدق	۱۴۴۸	
۶۵	شمع محفل	۵۶۸	۳۳۹۴
۶۶	مدار جہان	۳۰۴	
۶۷	جلوۂ توحید	۴۷۲	
۶۸	امیر المتقین	۸۸۲	
۶۹	رسول برحق	۶۰۶	
۷۰	ممدوح آفاق	۲۸۰	۲۵۴۴
۷۱	حامد اکرم	۸۹	
۷۲	صابر دھر	۵۰۲	
۷۳	عقل فعال	۳۸۱	
۷۴	شاہ گیتی	۷۴۶	
۷۵	اشرف جہان	۶۴۰	۲۳۵۸
		۱۱۸۲۶	۱۱۸۲۶

سطرِ چہارم

نمبر شمار	جملات	اعداد	میزانات
۷۶	امیرِ عالم	۱۹۶	
۷۷	مَطلعِ انوار	۴۰۷	
۷۸	امیرِ عرب	۵۲۳	
۷۹	بے ہمتا	۴۵۸	
۸۰	آگاہِ حق	۱۳۵	۱۷۱۹
۸۱	نورانام	۳۴۸	
۸۲	مخبرِ صادق	۱۰۳۷	
۸۳	ممدوحِ عالم	۲۳۹	
۸۴	زبدۂ انام	۱۱۰	
۸۵	جانِ پاک	۷۷	۱۸۱۱
۸۶	خلیفۃ الرحمٰن	۱۴۴۹	
۸۷	جوہرِ دانش	۵۶۹	
۸۸	مطلعِ فنون	۳۳۵	
۸۹	جانِ خلق	۷۸۴	
۹۰	آزاد مرد	۲۵۷	۳۳۹۴
۹۱	صاحبِ ارشاد	۶۰۷	
۹۲	ہادیٔ دوران	۲۸۱	
۹۳	دریائے عطا	۳۰۵	
۹۴	سراجِ دھر	۴۷۳	
۹۵	ضیاء اللہ	۸۷۸	۲۵۴۴
۹۶	صدرِ جنت	۷۴۷	
۹۷	والا تبار	۶۴۱	
۹۸	کانِ حیا	۹۰	
۹۹	امام المرسلین	۵۰۳	
۱۰۰	نورِ سبحان	۳۷۷	۲۳۵۸
		۱۱۸۲۶	۱۱۸۲۶

سطر پنجم

نمبر شمار	جملات	اعداد	میزانات
۱۰۱	شمس جہان	۴۵۹	
۱۰۲	عبد مؤید	۱۳۶	
۱۰۳	صاحب کمال	۱۹۲	
۱۰۴	جلیل القدر	۴۰۸	
۱۰۵	سردار جہان	۵۲۴	۱۷۱۹
۱۰۶	ہادیٔ کامل	۱۱۱	
۱۰۷	آب حیوان	۷۸	
۱۰۸	مدبر زمان	۳۴۴	
۱۰۹	شریعت پناہ	۱۰۳۸	
۱۱۰	معنیٔ یٰس	۲۴۰	۱۸۱۱
۱۱۱	کشتیٔ امید	۷۸۵	
